**09.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پچھلے دس برس میں حیاتی معیشت دس ارب ڈالر سے بہت زیادہ بڑھ کر 150 ارب ڈالر ہوگئی ہے۔ انھوں نے Genome انڈیا ڈاٹا کے اجرا کی یہ کہہ کر ستائش کی کہ یہ ملک میں تحقیق اور حفظانِ صحت کے سلسلے میں ایک تاریخی قدم ہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت پولیس کو اسمارٹ فورس بنانے کیلئے پابند عہد ہے۔

☆ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے پریاگ راج میں مہاکنبھ کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

☆ BJP صدر جے پی نڈّا نے دلّی انتخابات کی انتظامی کمیٹی کی ایک پارٹی میٹنگ کی۔ عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال نے جعلی ووٹروں کے الزامات کے سلسلے میں نئی دلّی میں انتخابی کمیشن سے ملاقات کی۔

☆ اِس برس یوم جمہوریہ کی پریڈ میں تقریباً دس ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔

☆ اور ملیشیا اوپن بیڈمنٹن میں چراغ شیٹی اور ایس رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی کوالالمپور میں مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Genome India Project***

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ دنیا مختلف عالمی مسائل کے حل کیلئے آج بھارت کی جانب دیکھ رہی ہے۔ آج شام نئی دلّی میں Genomics Data کانکلیو میں ایک ویڈیو پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ Genome India پروجیکٹ، ملک کے بائیو ٹیکنالوجی کے منظر نامے میں ایک انتہائی اہم لمحہ ہے۔

2100- PM Modi- Genome-Global Problems

وزیر اعظم نے کہا کہ 21 ویں صدی میں بائیو ٹیکنالوجی اور بائیو ماس کی آمیزش، ایک ترقی یافتہ بھارت کو بائیومعیشت بنانے کی اہم بنیاد ہے۔ وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ گزشتہ 10 برس میں ملک کی بائیومعیشت 10 ارب ڈالر سے آج 150 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔

2100- PM- 10 Billion

وزیر اعظم نے Genome انڈیا ڈیٹا کے جاری کیے جانے کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی کہ یہ ملک میں تحقیق اورصحت کی دیکھ بھال کے معاملے میں ایک تاریخی قدم ہے۔ وزیر اعظم نے اِس بات کا ذکر کیا کہ مختلف گروپوں سے 10 ہزار بھارتیوں کی Genome Sequence کا جائزہ لیا گیا ہے اور اُس کے اعداد و شمار اب بھارتی بائیولوجیکل ڈیٹا سینٹر میں دستیاب ہیں۔ اِن اعداد و شمار کو ملک بھر میں تحقیق کاروں، سائنسدانوں اور اسکالروں کے ذریعے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ یہ معلومات، ملک میں پالیسی سازی اور منصوبہ بندی میں کافی مدد کرے گی۔تقریب کے دوران سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے ڈیٹا کے تبادلے سے متعلق ضوابط کا طریقۂ کار جاری کیا اور IBDC DaTa Access پورٹل کا آغاز کیا۔

ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ گزشتہ دہائی، بھارت میں بائیو ٹیکنالوجی کیلئے یکسر تبدیلی والی رہی۔

2100- Jitendra Singh-Genes Thehropy

## ***Home Minister Smart Police***

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت بھارتی پولیس فورس کو اسمارٹ فورس بنانے کی پابند عہد ہے تاکہ وہ پولیسنگ اور داخلی سلامتی کے چیلنجوں سے کامیابی کے ساتھ نمٹ سکے۔ جناب شاہ نے نئی دلّی میں پولیس تحقیق اور ترقی کے بیورو BPR&D کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے آج یہ بات کہی۔ میٹنگ کے دوران جناب شاہ نے بیورو کے چھ ڈویژنوں اور اُن کی حصولیابیوں، جاری اہداف اور مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا۔ انھوں نے نئے فوجداری قوانین پر عمل آوری کے تئیں پولیس تحقیق اور ترقی کے بیورو کی جانب سے کی گئی کوششوں اور اسکیموں کا خصوصی طور پر جائزہ لیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ BPR&D کو اِس طرح تحقیق کرنی چاہئے کہ وہ زمینی سطح پر پولیسنگ میں درپیش چیلنجوں کی شناخت کرسکیں اور اُن کے حل تلاش کرنے کے سلسلے میں کام کرسکیں۔X

## ***UP CM Mahakumbh Briefing***

مہاکنبھ 2025 اترپردیش کے شہر پریاگ راج میں 13 جنوری سے 26 فروری تک منعقد کیا جائے گا۔

S/B 2100 Mahakumbh Montage Open

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا ہے کہ مہاکنبھ 2025 عقیدے اور جدیدیت کا ایک امتزاج ہوگا۔ مہاکنبھ کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے بعد آج شام پریاگ راج میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ پریاگ راج میں عقیدتمندوں کے تحفظ اور سلامتی کے ساتھ رہنے کی تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

S/B 2100 Yogi

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تروینی سنگم تک عقیدتمندوں کے سفر اور اَشنان کیلئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔

جناب آدتیہ ناتھ نے پریاگ راج میں مہاکنبھ 2025 کیلئے ڈیجیٹل میڈیا سینٹر کا بھی افتتاح کیا۔ مہاکنبھ پیر کو شروع ہوگا اور یہ 26 فروری تک جاری رہے گا۔

### Delhi Elections

BJP کے صدر جے پی نڈا نے آج دلّی انتخابات کی انتظامی کمیٹی کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ قومی راجدھانی میں ہوئی اس میٹنگ کا مقصد اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کی حکمت عملی پر غور و خوض کرنا تھا۔ دلّی BJP کے سربراہ وریندر سچدیوا، پارٹی کے انچارج Baijayant Jay Panda، اُن سینئر رہنماؤں میں شامل تھے، جنہوں نے میٹنگ میں شرکت کی۔ جناب سچدیوا نے میٹنگ کے بعد میڈیا کو بتایا کہ جناب نڈا نے چناؤ تیاریوں کا جائزہ لیا اور تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے عام آدمی پارٹی پر یہ الزام لگایا کہ وہ دلّی میں غیر قانونی ووٹروں کا اندراج کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

2100- Virendra Illegal Vote

دوسری جانب عام آدمی پارٹی کے لیڈر اروند کجریوال نے آج نئی دلّی میں انتخابی کمیشن سے رجوع کیا اور یہ الزام لگایا کہ دیگر ریاستوں سے لوگوں کو لاکر فرضی ووٹر بنائے جا رہے ہیں۔ جناب کجریوال نے کہا کہ انہوں نے اِس بات سے کمیشن کو مطلع کیا ہے کہ گزشتہ 15 دن میں 13 ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ انہوں نے نئی دلّی اسمبلی حلقے سے BJP کے امیدوار پرویش ورما پر یہ الزام لگایا کہ وہ نوکریوں سے متعلق کیمپ کا انعقاد کر رہے ہیں اور کھلے عام پیسے بانٹ رہے ہیں۔

2100- Arvind Kejriwal

### BJP Kejriwal

BJP نے عام آدمی پارٹی کے قومی کنویز اروند کجریوال پر ذات پات کی بنیاد پر عوام کے درمیان فرق کرنے کا الزام لگایا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے نئی دلّی اسمبلی حلقے سے پارٹی کے امیدوار پرویش ورما نے الزام لگایا کہ پچھلے 11 برسوں میں عام آدمی پارٹی کی حکومت نے دلّی دیہات کیلئے کچھ بھی نہیں کیا ہے۔ انھوں نے جناب کجریوال پر مرکزی حکومت کی PM کسان ندھی اسکیم سے کسانوں کو محروم رکھنے کا بھی الزام لگایا۔

S/B Parvesh Verma

### Nadda Kejriwal

BJP کے قومی صدر جے پی نڈا نے الزام لگایا ہے کہ عام آدمی پارٹی کے قومی کنویز اروند کجریوال نے اترپردیش اور بہار کے لوگوں کو جعلی ووٹر کہہ کر اُن کی توہین کی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب نڈا نے کجریوال پر پچھلے دس سال سے دلّی میں بدعنوانی میں ملوث ہونے کا الزام لگایا۔ انھوں نے مزید کہا کہ دلّی کے عوام اُنھیں اقتدار سے بے دخل کرکے اِس کا جواب دیں گے۔x

### Odisha Pravasi Bharatiya Divas

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اپنی آبائی ریاست اڈیشہ کے دو روزہ دورے پر آج شام بھوبنیشور پہنچی ہیں۔بیجو

پٹنا یک بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر اڈیشہ کے گورنر ہری بابو Kambhampati، وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی اور دیگر سینئر مندوبین نے اُن کا پُرجوش خیر مقدم کیا۔ راج بھون کی طرف سفر کرتے ہوئے بڑی تعداد میں لوک رقاصوں اور ثقافتی گروپوں نے صدر جمہوریہ کا استقبال کیا۔ صدر جمہوریہ آج رات راج بھون میں ہی قیام کریں گی۔ وہ کَل اٹھارھویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گی۔ کنونشن میں تقریباً 75 ملکوں سے آئے ہوئے لگ بھگ 6 ہزار غیرمقیم بھارتی حصہ لے رہے ہیں، جسے مشترکہ طور پر بھارت کی حکومت اور اڈیشہ کی سرکار نے منعقد کیا ہے۔ گذشتہ کَل سے یہ کنونشن بھوبنیشور کے جنتا میدان میں منعقد کیا جارہا ہے۔بھارتی برادری کے 17 ممتاز ارکان کو مختلف شعبوں میں اُن کی مہارت کے اعتراف میں اُنھیں پرواسی بھارتیہ سمّان ایوارڈ سے بھی نوازیں گی۔x

## Republic Day Guest

اِس برس یوم جمہوریہ کی پریڈ دیکھنے کیلئے تقریباً 10 ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ اِن مہمانوں میں سرپنچ حضرات، قدرتی آفات کی صورت میں امدادی کام کرنے والے کارکن، بہترین کارکردگی انجام دینے والے Water Warriors، ہینڈلوم اور دستکاری کے کاریگر، من کی بات کے شرکا، My Bharat کے رضاکار، شمال مشرقی ریاستوں کے مہمان اور بہترین اسٹارٹ اپس شامل ہیں۔ وزارت دفاع نے بتایا کہ مدعو کئے گئے کچھ مہمان اپنے مثالی فنپاروں کو اپنے ساتھ لا رہے ہیں تاکہ وہ اپنی مدد آپ گروپوں کے ذریعے آمدنی اور روزگار کے مواقع پیدا کئے جانے کو یقینی بناسکیں۔پیرا اولمپک کے دستے، شطرنج اولمپیاڈ کے تمغے جیتنے والے، Bridge ورلڈ گیمز کے چاندی کے تمغے جیتنے والے اور اسنوکر عالمی چمپئن شپ کے سونے کے تمغے جیتنے والے کھلاڑیوں کو بھی خصوصی مہمان کی حیثیت سے مدعو کیا گیا ہے۔x

## MP Nitin Gadkari

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ حکومت ملک کو، توانائی درآمد کرنے والے ملک کے بجائے توانائی برآمد کرنے والے ملک میں تبدیل کرنے کیلئے کام کر رہی ہے۔

مدھیہ پردیش کے Pitham Pur میں National Automotive Test Track – Natrax میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھارت توانائی کے متبادل وسائل کو مسلسل فروغ دے رہا ہے۔ ہائیڈروجن کو مستقبل کا ایندھن قرار دیتے ہوئے، انھوں نے کہا کہ حکومت اور بہت سی آٹوموبائل کمپنیاں اِس سمت میں کام کر رہی ہیں۔ ملک کی معیشت کی ترقی میں آٹوموبائل صنعت کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب گڈکری نے کہا کہ اس شعبے اب تک ساڑھے چار کروڑ ملازمتوں کے مواقع پیدا کئے ہیں۔x

## Goyal Organic Farming

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بہتر آمدنی اور روزگار پیدا کرنے کیلئے نامیاتی زراعت ایک طاقتور ذریعہ ہے۔ آج نئی دلّی میں نامیاتی مصنوعات کے قومی پروگرام کے آٹھویں ایڈیشن کا افتتاح

کرتے ہوئے، جناب گوئل نے کہا کہ کسانوں کی آمدنی میں نامیاتی زراعت سے اضافہ ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اِس وقت نامیاتی مصنوعات کی برآمدات چھ ہزار کروڑ روپئے مالیت پر مشتمل ہے جس کے بارے میں توقع ہے کہ اگلے تین سال میں بڑھ کر 20 ہزار کروڑ روپئے ہوجائے گی۔

S/B Piyush Goyal

## *Pariksha Pe Charcha*

آٹھویں پرکشا پہ چرچا 2025 کیلئے ملک اور بیرون ملک سے طلبا، اساتذہ اور والدین کی جانب سے 2 کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ اندراج کی درخواستیں موصول ہوچکی ہیں۔ اِس پروگرام کیلئے آن لائن رجسٹریشن MyGov.in پورٹل پر گزشتہ ماہ کی 14 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔ اِس کا سلسلہ، اِس ماہ کی 14 تاریخ تک جاری رہے گا۔ وزارت تعلیم نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی اہم پہل 'پرکشا پہ چرچا'، امتحان سے متعلق دباؤ کو آموزش کے ایک جشن میں تبدیل کرکے ایک ملک گیر تحریک کے طور پر جاری ہے۔ اس نے کہا ہے کہ اِس پروگرام کی بے انتہا مقبولیت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ پروگرام، طلبا کی ذہنی صحت اور امتحانات کے تئیں اُن کے مثبت نظریے کو فروغ دینے میں کامیاب ہوا ہے۔ x

## *Telangana BRS Leader*

تلنگانہ میں BRS کے کارگزار صدر اور سابق وزیر کے تارک راما راؤ آج فارمولا ای-کار کی ریس کے مقابلے کے سلسلے میں جاری تحقیقات کے معاملے میں بدعنوانی کی روک تھام سے متعلق بیورو ACB کے سامنے پیش ہوئے۔ یہ معاملہ 2023 میں فارمولا ای-ریس کے مقابلوں کے انعقاد کے سلسلے میں فنڈز کے نامناسب استعمال کے الزامات سے تعلق رکھتا ہے۔ صبح سے 6 گھنٹے تک پوچھ تاچھ کی جاتی رہی۔ بتایا جاتا ہے کہ ACB کے افسران جناب راؤ سے الزامات کے سلسلے میں سوال وجواب کر رہے ہیں۔x

## *Prtish Nandy Passes Away*

معروف صحافی، ادیب، فلمساز اور راجیہ سبھا کے سابق ممبر پارلیمنٹ Prtish Nandy کا حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے ممبئی میں کل اُن کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ کل شام اُن کی آخری رسوم ادا کی گئیں۔ Prtish Nandy انگریزی میں اپنی عمدہ تخلیقات کیلئے معروف ہیں۔ انھوں نے بنگالی، اردو اور پنجابی سے کئی نظمیں انگریزی زبان میں ترجمہ بھی کیں۔ اُنھیں اُن کی ادبی خدمات کیلئے 1977 میں پدم شری ایوارڈ دیا گیا۔1990 میں دور درشن پر وہ Prtish Nandy شو پیش کرتے تھے جس میں انھوں نے کئی اہم شخصیات کا انٹرویو لیا۔ اُن کے انتقال پر فلم صنعت سوگوار ہے۔x

## Malaysia Open Badminton

ملیشیا اوپن بیڈمنٹن میں چراغ شیٹی اور ایس رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ چراغ اور رنکی ریڈی نے آج شام کوالالمپور میں ملیشیا کی تان اور نور محمد کی جوڑی کو شکست دی۔

البتہ خواتین کے سنگل میں Malvika Bansod چین کی ہان سے اٹھارہ-اکیس اور گیارہ-اکیس سے ہار گئیں۔HS Prannoy بھی مردوں کے پری کوارٹر فائنل میں آج چین کے Li سے ہار گئے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆